ilmkidunya
علم کی دنیا

Islamiat Elective - 9th Class Islamiat Elective Chapter 4 Urdu Medium Preparation

Q1. حضرت موسیٰ(ع) کا مختصر تعارف کریں.

Ans 1: حضرت موسیٰ(ع) کے ایک جلیل القدر پیغمبر تھے.حضرت موسیٰ(ع) کا نسّب حضرت یعقوب(ع)تک پہنچتا ہے.باپ کانام عمران تھا.قرآن کی مختلف سورتوں میں حضرت موسیٰ(ع) کا تذکرہ ملتا ہے.انہوں نے 120 سال کی عمر پائی.

Q2. رسول کا کیا کام ہوتا ہے

Ans 1: رسول اور نبی کا کام انسانوں کی اصلاح ہے وہ اس لیے کہ انسان جسے عقل ارادہ سوچنے اور سمجنے کی قوت عطا کی گئی ہے اپنے اعمال میں آزاد اور خومختار ہے اور اسی سبب سے وہ اشرف مخلوقات مقام رکھتا ہے لیکن اگر انسان اپنے ارادے کی اصلاح ضروری ہے یہی وہ کام ہے جو نبی اور رسول سرانجام دیتا ہے

Q3. حضرت ابراہیم نے آزر کی سختی کا جواب کن الفاظ میں دیا

Ans 1: حضرت ابراہیم نےآر کی سختی کا جواب نرمی کے ساتھ دیا اور کہا کہ جناب ار میری بات کا یہی جواب ہے تو آج سے اللہ حافظ میں اللہ کے سچے دین اور اس کے پیغام کو نہیں چھوڑ سکتا اور کسی طرھ بتوں کی پوجا نہیں کرسکتا میں آج تجھ سے جدا ہوتا ہوں مگر غائبانہ تیرے لیے بارگاہ الٰہی میں بخشش طلب کرتا رہوں گا

Q4. حضرت نوح(ع) کے ساتھ کشتی میں کون سوار تھے؟

Ans 1: حضرت نوح(ع) کے ساتھ کشتی میں وہ سوار تھے جو ان پر ایمان لائے تھے.

Q5. حضرت ابراہیم(ع) نے کیا خواب دیکھا؟

Ans 1: حضرت ابراہیم(ع)نے یہ خواب دیکھا کہ وہاپنی بیٹے حضرت اسماعیل(ع)کو اللہ کے حکم پر ذبح کر رہے ہیں.

Q6. نبی اور مصلح میں فرق کیا ہے

Ans 1: ایک مصلح حکیم ظاہری اور مادی زندگی کی اصلاح توشاید کرسکتا ہو لیکن اس میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہوتا جو دلوں کی اصلاح کرکے ان میں نیکی اور بدی کی تمیز پیدا کرسکے یا اپنی زبان تعلیم وتلقین اور فیض صحت سے انسانوں کے اخلاق وعادات جذبات ارادہ واختیار حتی کہ پورے دل کی قوتوں میں انقلاب برپا کرسکے جہاں بڑے بڑے فلسفیوں اور حکیموں کی عقل حیران اور مجبور رہ جاتی ہے وہاں ایک رسول علیہ السلام اور نبی وحی الٰہی کی راہنمائی میں انسانوں کی روحانی اور قلبی مشکلات کی عقدہ کشائی کرتا ہے یہ بات بھی قابل غور رہے کہ ہر نبی تو مصلح ہوتا ہے لیکن ہر مصلح نبی نہیں ہوا کرتا

Q7. آخضور نے کھانے کی دعوت پر خاندان عبدالمطلب سے کیا فرمایا

Ans 1: آپ نے فرمایا جس پیغام کو لے کر میں آیا ہوں یہ دین اور دنیا کی بھلائی کاضامن ہے کون اس مہم میں میرا ساتھ دیتا ہے

Q8. ختم نبوت کے بارے میں اللہ کا کیا فرمان ہیں؟

Ans 1: ترجمہ:"لوگو!محمد(ص)تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں مگروہ اللہ کے پیغمبر اور اورآخرر نبی ہیں اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے.".

Q9. فرعون اور آل فرعون کی ہلاکت کا واقعہ تحریر کریں

Ans 1: فرعون اور اس کے لشکر نے بحر قلزم میں بنے ہوئے راستے پر حضرت موسی اور ان کے ساتھیوں کا تعاقب کیا لیکن قدرت الہی سے پانی مل گیا ور فرعون اپنے لشکر سمیت غرق ہوگیا

Q10. نمرود نے حضرت ابراہیم کو کیا سزادی مختصر وضاحت کریں

Ans 1: نمرود اور اس کی قوم چپ حضرت ابراہیم کے دلائل کے سامنے بے بس ہوگئی تو نمرود نے حضرت ابراہیم کی جلتی آگ میں پھینکوا دینے کا عزم کر لیا ایک مخصوص جگہ پر کئی زور جلائی گئی جب وہ خوب دہک گئی تو انہیں آگ میںپھینکوا دیا گیا